"اَلنَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ ۖ وَأَزْوَاجُهُۥٓ أُمَّهَٰتُهُمْ"

"Paighambar Mominou Per Khud Unse Bhi Zyada Haq Rakhne Wale Hai, Aur Paighambar Ki Biwiyan Mominou Ki Maayien Hai..."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.6)

Mukhtasar Seerat o Fazail Ummahatul Momineen

(رضی اللہ عنہن)

[Roman Urdu Script]

By

Afzal Khan Salafi

From :-

Tawheed o Sunnah Vs Shirk o Bid'at

(Tawheed o Sunnat Ki Islah Karna Aur Shirk o Bid'at Se Aagah Karna)

Mukhtasar Seerat o Fazail

Ummahatul Momineen

(رضي الله عنهن)

[Roman Urdu Script]

By

Afzal Khan Salafi

From:-

Tawheed o Sunnah v/s Shirk o Bid'at

(Tawheed o Sunnat Ki Islah Karna Aur Shirk o Bid'at Se Aagah Karna)

Context

Baab No.1

Introduction 05

- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Koun Hai?.........06
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Kitne The?........06
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) K Naam Kya Hai?..07
- Qabila e Quraish Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummahatul Momineen..08
- Digar Qabile Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummahatul Momineen...08
- Yahood Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummul Momineen..08

Baab No.2

Fazail Ummahatul Momineen (رضي الله عنـهن)......................09

- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Ahle Baith Me Shamil Hai..09
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Mominou Ki Maayein...10
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Ne Duniya K Muqable Me Akhirat Ko Tarjih Di................................11
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Aur Dugna Ajar..13
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنـهن) Aam Aurtou Ki Tarah Nahi Hai..14

- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنھن) Nabi {ﷺ} K Saath Jannat Me Hogi……………………………………………………15
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنھن) K Ghar Me Wahi Nazil Hoti Thi……………………………………………………15
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنھن) K Zariye Hi Nabi {ﷺ} Ki Gharelu Zindagi Hame Pata Chalti Hai……………16
- Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنھن) Ne Nabi {ﷺ} Ka Jung Aur Tableeg Dono Me Saath Diya…………………….16

Baab No.3

1.Ummul Momineen Sayeda Tahera Khadija Tul Kubra {رضی اللہ عنہا}:-

- Mukhtasar Seerat……………………………………………………17
- Mukhtasar Fazail……………………………………………………21

2.Ummul Momineen Saudah Binte Zamah {رضی اللہ عنہا}:-

- Mukhtasar Seerat……………………………………………………27
- Mukhtasar Fazail……………………………………………………31

3.Ummul Momineen Ayesha Siddiqua {رضی اللہ عنہا}:-

- Mukhtasar Seerat……………………………………………………33
- Mukhtasar Fazail……………………………………………………38

4.Ummul Momineen Hafsa Binte Umar {رضی اللہ عنہما}:-

- Mukhtasar Seerat……………………………………………………43
- Mukhtasar Fazail……………………………………………………48

5.Ummul Momineen Zainab Binte Khuzaima {رضی اللہ عنہا}:-

- Mukhtasar Seerat……………………………………………………50

- **Mukhtasar Fazail……………………………………………………52**

6.Ummul Momineen Umme Salma {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………53**
- **Mukhtasar Fazail………………………………………………………60**

7.Ummul Momineen Zainab Binte Jahash {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………62**
- **Mukhtasar Fazail………………………………………………………68**

8.Ummul Momineen Juveria Binte Haris {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………71**
- **Mukhtasar Fazail………………………………………………………76**

9.Ummul Momineen Umme Habiba Ramla {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………78**
- **Mukhtasar Fazail………………………………………………………83**

10.Ummul Momineen Safiya Binte e Huyyay {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………84**

  Mukhtasar Fazail………………………………………………………88

11.Ummul Momineen Maimoona Bint e Haris {رضی اللہ عنہا}:-

- **Mukhtasar Seerat……………………………………………………90**
- **Mukhtasar Fazail………………………………………………………93**

Khulasa e Kitab……………………………………………………………94

Sources……………………………………………………………………………95

Assalamu Alaikum Wa Rahmatulllahi Wa Barakatuhu

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام علي سيد الانبياء والمرسلين وعلي اله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلي يوم الدين امابعد

Mukhtasar Seerat o Fazail

Ummahatul Momineen

(رضی اللہ عنہن)

Introduction:- **Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Unwan Per Likhne Ka Maqsad Ye Hai K Aajkal Bahut Saare Logou Ko Ye Ilm Nahi Hai K Ummahatul Momineen Kise Kahte Hai Bahut Se Bahnou Ko Ye Maloom Nahi Hai K Nabi {ﷺ} K Biwiyan Kitni Thi? Biwiyou K Naam Kya The Lekin Afsos Duniyawi Muamilaat Se Taluq Rakhne Waali Aurtou Ka Poora Bio Data Bata Sakte Hai Aur Film Aur Seriels K Actresses Ki Family K Naam Bata Sakte Hai. Kuch Logou Ko Fatima (رضی اللہ عنہا) Koun Hai Pata Hai Lekin Unhi Ki Maa Ka Naam Kya Hai Pata Nahi Ek Bahen Se Pucha Gaya K Khadija (رضی اللہ عنہا) Koun Hai? To Jawab Mila Pata Nahi. Tab Hi Khayal Aaya K Aurtou Ko Iska Ilm Hona Behad Zaroori Hai K Ummahatul Momineen Koun Hai? Unke Fazail Kya Hai? Unhone Kaisi Zindagi Guzari Thi? Isi Munasibat Se Humne Is Unwan Ko Chuna Hai Taake Khawateen Ko Iska Ilm Hojaye Aur Wo Ummahatul Momineen Ki Seerat o Fazail Se Sabaq Hasil Kar Sake Aur Apni Zindagiyou Ko Ummahatul Momineen Ki Seerat K Zariye Se Bahtar Bana Sake.**

1.Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنہن) Koun Hai?

Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنہن) Se Muraad Ummat e Muslimah Ki Maayein Hai Aur Wo Nabi {ﷺ} Ki Biwiyan Hai Jaise K Allah {ﷻ} Ne Qur'an Me Irshad Faramaya Hai:-

"اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَ اَزۡوَاجُہٗۤ اُمَّہٰتُہُمۡ"

"Paighambar Mominou Per Khud Unse Bhi Zyada Haq Rakhne Wale Hai Aur Paighambar Ki Biwiyan Mominou K Liye Maayien Hai..."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.6)

2.Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنہن) Kitne The:-

Nabi {ﷺ} Ko 11 Biwiyan Thi Aksar Ahle Ilm Ne Apni Kitabou Me 11 Hi Zikr Kiya Hai Kuch Ne 12 Ziker Kiya Hai Mariya (رضی اللّٰہ عنہا) Ko Milakar Aur Kuch Ne 13 Ziker Kiya Rehana (رضی اللّٰہ عنہا) Ko Bhi Milakar Lekin Aksar Ahle Ilm Ne 11 Ziker Kiya Hai Aur Mariya Aur Rehana {رضی اللہ عنہما} Ko Khadima Me Ziker Kiya Hai Aur Hadees Me Bhi Hai

Anas Bin Malik (رضي الله عنه) Ne Kaha Nabi {ﷺ} Din Aur Raat K Ek Hi Waqt Me Apni Tamaam Azwaaj e Mutaheraat K Paas Gaye Aur Ye 11 Thi.

(Sahih Bukhari : Hadees No.268)

11 Me Se 2 Azwaaj e Mutaheraat Ki Wafat Nabi {ﷺ} Ki Zindagi Me Hi Hogayi Thi.

Anas Bin Malik (رضي الله عنه) Ne Bayan Kiya K Nabi {ﷺ} Apni Tamaam Azwaaj (Biwiyou) K Paas Ek Hi Raat Me Tashreef Le Gaye. Us Waqt Aap {ﷺ} K Azwaaj Me 9 Biwiya Thi.

(Sahih Bukhari : Hadees No.284)

Jo Ummahatul Momineen Nabi {ﷺ} Ki Zindagi Me Hi Wafat Pa Gayi Unke Naam Hai Khadija Tul Kubra (رضی اللّٰہ عنہا) Aur Zainab Bint Khuzaima (رضی اللہ عنہا) Hai Wallahu Aalam.

3.Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنہن) K Naam Kya Hai?

1.Ummul Momineen Sayeda Tahera Khadija Tul Kubra (رضی اللّٰہ عنہا)

2.Ummul Momineen Saudah Binte Zam'ah (رضی اللّٰہ عنہا)

3.Ummul Momineen Sayeda Ayesha Siddiqua Binte Abu Bakr Siddique (رضی اللہ عنہما)

4.Ummul Momineen Sayeda Hafsa Binte Umar (رضی اللّٰہ عنہما)

5.Ummul Momineen Zainab Binte Khuzaima (رضی اللہ عنہا)

6.Ummul Momineen Umme Salma (رضی اللّٰہ عنہا)

7.Ummul Momineen Zainab Binte Jahash (رضی اللّٰہ عنہا)

8.Ummul Momineen Juveria Binte Haris (رضی اللّٰہ عنہا)

9.Ummul Momineen Umme Habiba Ramla Binte Abu Sufiyan (رضی اللّٰہ عنہما)

10.Ummul Momineen Safiya Binte Huyyay (رضی اللّٰہ عنہا)

11.Ummul Momineen Maimoona Binte Haris (رضی اللّٰہ عنہا)

Inke Alawa Do Khadima Bhi The Jinke Naam Mariya (رضی اللہ عنہا) Aur Rehana (رضی اللہ عنہا) Hai.

4.Qabila e Quraish Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن):-

6 Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Qabile e Quraish Se Ta'alluq Rakhti Thi Unke Naam. Khadija Tul Kubra, Saudah Binte Zam'ah, Ayesha Binte Abu Bakr, Hafsa Binte Umar, Umme Salma Aur Umme Habiba (رضی اللہ عنہن).

5.Digar Qabile Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن):-

4 Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Arabi Thi Lekin Qabile e Quraish Se Unka Ta'alluq Nahi Tha Unke Naam. Zainab Binte Jahash, Maimoona, Zainab Binte Khuzaima, Juveria (رضی اللہ عنہن).

6.Yahood Se Ta'alluq Rakhne Wali Ummul Momineen (رضی اللہ عنہا):-

1 Ummul Momineen Yahood Se Ta'alluq Rakhti Thi Jinka Naam Safiya Binte Huyyay (رضی اللہ عنہا) Hai.

Fazail e Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنھن):-

1.Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنھن) Ahle Baith Me Shamil Hai:-

Allah {ﷻ} Ka Farmaan Hai:-

"إِنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ ٱلرِّجْسَ أَهْلَ ٱلْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا"

"Allah {ﷻ} Yahi Chahta Hai K Aye Nabi {ﷺ} Ki Ghar Waliyou! Tumse Wo (Har Qism Ki) Ki Gandagi Ko Door Karde Aur Tumhe Paak Karde."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.33)

Abdullah Ibn Abbas {رضی اللہ عنہما} Farmatey Hai:-

"Ye Ayat Khaas Nabi {ﷺ} Ki Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنھن) K Baare Me Nazil Hui.

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/279, Bi Tahqeeq Salamah, Sanad Hasan)

Akrama (رحمہ اللہ) Farmatey Hai:-

"Main Isper Mubahele Ko Taiyyar Hu K Ye Ayat Nabi {ﷺ} K Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنھن) K Baare Me Nazil Hui.

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/279, At-Tabari : 20/267, Sanad Hasan)

Imam Ibn Kaseer {رحمه الله} Farmatey Hai:-

"Ye Ayat Is Baat Per Nus(Daleel) Hai K Rasool Allah {ﷺ} Ki Biwiya In Ayatou Me Ahle Baith Me Dakhil Hai."

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/278-279)

Note:-Rawafiz Aur Kuch Musalmanou Ka Aqeedah Hai K Ahle Baith Sirf 5 Log Hai Nabi {ﷺ} Ali (رضي الله عنه) Fatima (رضی الله عنہا) Aur Hasan o Hussain {رضی الله عنہما} Jinhe Wo Panjatan Paak Kahte Hai Ye Aqeedah Batil Hai Shia Ka Ghada Hua Hai Nabi {ﷺ} Ki Azwaaj Ko Ahle Baith Me Shamil Nahi Karne K Liye Jiski Zad Me Musalmaan Bhi Aagaye. Nabi {ﷺ} K Azwaaj e Mutaheraat Ahle Baith Me Shamil Hai Uske Liye Dekhiye Qur'an Me Surah Hood Ayat No.73 Aur Dekhiye Hadees Me Sunan Tirmizi Hadees No.3205, 3787 Sahih.

2.Ummahatul Momineen (رضی اللّٰہ عنہن) Mominou Ki Maayein:-

Allah {ﷻ} Farmatey Hai:-

"ٱلنَّبِىُّ أَوۡلَىٰ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ مِنۡ أَنفُسِهِمۡۖ وَأَزۡوَٰجُهُۥٓ أُمَّهَٰتُهُمۡۗ"

"Paighambar Mominou Per Khud Unse Bhi Zyada Haq Rakhne Wale Hai, Aur Paighambar Ki Biwiyan Mominou Ki Maayien Hai..."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.6)

Is Ayat Ki Tafseer Me Allama Qurtubi (رحمه الله) Farmatey Hai:-

"Allah Ta'la Ne Nabi {ﷺ} K Azwaaj Ko Ye Sharf Baksha Hai K Inhe Mominou Ki Maayein Qarar Diya, Yani Unki Tazeem Karna, Unse Husn e Sulook Karna, Unki Izzat o Touqeer Karna, Dusre Mardou K Saath Nikah Ki Hurmat Aur Apni Asli Maao K Bar Khilaf In(Maao) Se Pardah Karna Wajib Qarar Diya."

(Tafseer Al-Qurtubi : 14/123)

Imam Ibn Kaseer (رحمہ اللہ) Farmatey Hai:-

"Nabi {ﷺ} Ki Azwaaj e Mutaheraat Hurmat Aur Ahteraam Me, Izzat Aur Ikraam Me, Buzurgi Aur Aazaam Me Tamaam Musalmanou Me Aisi Hai Jaisi Khud Unki Maayein. Ha Maa K Ahkaam Maslan Khilwat(Akele) Ya Unki Ladkiyou Aur Bahnou Se Nikah Ki Hurmat Ye Yaha Sabit Nahi."

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/252)

Note:-Rawafiz Shia Ummahatul Momineen Manne Se Inkar Karte Hai Yaad Rakhe Ayat Me Mominou Ki Maayein Hai Kaha Gaya Rawafiz Ki Nahi.

3.Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Ne Duniya K Muqable Me Akhirat Ko Tarjih Di:-

Allah {ﷻ} Ka Farmaan Hai:-

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ قُل لِّأَزْوَٰجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا .وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَٱلدَّارَ ٱلْـَٔاخِرَةَ فَإِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَـٰتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا

"Aye Nabi {ﷺ}! Apni Biwiyou Se Kah Do K Agar Tum Zindagani e Duniya Aur Zeenat e Duniya Chahti Ho To Aao Main Tumhe Kuch De Dila Du Aur Tumhe Achchayi K Saath Rukhsat Kardu. Aur Agar Tumhari Muraad Allah {ﷻ} Aur Uske Rasool {ﷺ} Aur Akhirat Ka Ghar Hai To Yaqeen Maano K Tum Me Se Nek Kaam Karne Waliyou K Liye Allah {ﷻ} Ne Bahut Zabardast Ajr Rakh Chode Hai."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.28-29)

Ye Ayat Isliye Nazil Hui K Futuhaat K Baad Musalmanou K Halaat Ache Hogaye The Ansaar Aur Muhajireen Ki Aurtou Ko Dekhar Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنہن) Ne Unke Haq Me Bhi Izafe Ka Mutaleba Kiya Jisper Nabi {ﷺ} Azwaaj e Mutaheraat Se Ek Mahina Dur Rahe Phir Ye Aayaat Utri Jisper Nabi {ﷺ} Ne Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ko Bulaya Aur Unse Pucha Allah Uske Rasool Ko Pasand Karti Ho Ya Duniya Ko Agar Duniya Ko Karti To Main Tumhe Bhalayi K Saath Ruqsat Kardunga Aur Apne Maa Baap Se Mashware Ko Kaha Jisper Ayesha (رضی اللہ عنہا) Aur Tamaam Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنہن) Ne Duniya K Bajaye Allah Aur Uske Rasool Ko Tarjeeh Di Jaisa Sahih Bukhari Hadees No.4786 Me Zikr Hai.

Imam Ibn Kaseer {رحمہ اللہ} Farmatey Hai:-

"Allah {ﷻ} Aap {ﷺ} Ki Tamaam Biwiyou Se Jo Hamari Maayien Hai Khush Rahe, Sabne Allah {ﷻ} Ko, Uske Rasool {ﷺ} Ko Aur Daar e Akhirat Ko Hi Pasand Farmaya Jisper Rabb e Ta'ala Raazi Hua Aur Phir Akhirat K Saath Hi Duniya Ki Masarratey Bhi Ata Farmayi.

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/271)

4.Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Aur Dugna Ajar:-

Allah {ﷻ} Ka Farmaan Hai:-

يَـٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَـٰحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَـٰعَفْ لَهَا ٱلْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا .وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَتَعْمَلْ صَـٰلِحًا نُّؤْتِهَآ أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيمًا

"Aye Nabi {ﷺ} Ki Biwiyou! Tum Me Se Jo Bhi Khuli Behayi Ka Irtekaab Karegi Usey Dohra Azaab Diya Jayega, Aur Allah {ﷻ} K Nazdeek Ye Bahut Hi Sahal (Si Baat) Hai. Aur Tum Me Se Jo Koi Allah {ﷻ} Ki Aur Uske Rasool {ﷺ} Ki Farmabardari Karegi Aur Nek Kaam Karegi Hum Usey Ajar (Bhi) Dohra Denge. Aur Uske Liye Humne Bahtareen Rozi Taiyyar Kar Rakhi Hai."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.30-31)

Hafiz Salahuddin Yousuf {رحمہ اللہ} Farmatey Hai:-

"Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنہن) Khud Bhi Muqaam e Buland K Hamil The Aur Buland Martabat Logou Ki Mamoli Galtiya Bhi Badi Shumar Hoti Hai, Isliye Inhe Dugne Aazaab Ki Wayeed Sunayi Gayi Hai."

(Ahsanul Bayan : Pg No.1222)

Imam Ibn Kaseer {رحمہ اللہ} (Ayat 31 Ki Tafseer Me) Farmatey Hai:-

"Is Ayat Me Allah {ﷻ} Apne Adal Aur Fazal Ka Bayan Farma Raha Hai Aur Nabi {ﷺ} Ki Azwaaj e Mutaheraat (رضی اللہ عنہن) Se Khitab Karke

Farma Raha Hai K Tumhari Ita'at Guzari Aur Nek Kaari Per Dugna Ajr Hai Aur Tumhare Liye Jannat Me Ba Izzat Rozi Hai. Kyu K Ye Allah K Rasool {ﷺ} K Saath Aapki Manzil Me Hogi Aur Nabi {ﷺ} Ki Manzil Aala Illiyeen Me Hai Jo Tamaam Logou Se Bala Tar Hai. Usi Ka Naam Waseela Hai. Ye Jannat Ki Sabse Aala Aur Sabse Unchi Manzil Hai, Jiski Chat Arsh e Ilahi Hai."

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/277)

5.Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Aam Aurtou Ki Tarah Nahi Hai:-

Allah {ﷻ} Ka Farmaan Hai:-

يَـٰنِسَآءَ ٱلنَّبِىِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ ٱلنِّسَآءِ ۚ إِنِ ٱتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِٱلْقَوْلِ فَيَطْمَعَ ٱلَّذِى فِى قَلْبِهِۦ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا

"Aye Nabi {ﷺ} Ki Biwiyou! Tum Aam Aurtou Ki Tarah Nahi Ho Agar Tum Parhezgaari Ikhtiyar Karo To Naram Lahje Se Baat Na Karo K Jiske Dil Me Rog Ho Wo Koi Galat Touqe Lagaye Baithe Aur Ha Qaidey K Mutabiq Kalaam Karo."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.32)

Hafiz Salahuddin Yousuf {رحمہ اللہ} Farmatey Hai:-

"Yaani Tumhari Haisiyat Aur Tumhara Martaba Aam Aurtou Ka Sa Nahi Hai. Balke Allah {ﷻ} Ne Tumhe Rasool {ﷺ} Ki Zoujiyat Ka Sharf Ata Farmaya Hai, Uski Wajah Se Tumhe Imtiyazi Muqaam Hasil Hai, Chunache Inhe Unke Muqaam Wo Martabey Se Aagah Karke Unhe Kuch Hidayaat Di Ja Rahi Hai. Iski Mukhatib Agarche Azwaaj e

Mutaheraat (رضی اللہ عنہن) Hai Jinhe Ummahatul Momineen Qarar Diya Gaya Hai Lekin Andaz e Bayan Se Saaf Wazeh Hai K Maqsad Poori Ummat e Muslimah Ki Aurtou Ko Samjhana Aur Mutanabbe Karna Hai, Isliye Ye Hidayat Tamaam Musalmaan Aurtou K Liye Hai."

(Ahsan Ul Bayan : 1223)

6.Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) Nabi {ﷺ} K Saath Jannat Me Hogi:-

Imam Ibn Kaseer {رحمہ اللہ} Farmatey Hai:-

"Ye(Ummahatul Momineen) Allah K Rasool {ﷺ} K Saath Aapki Manzil Me Hogi Aur Nabi {ﷺ} Ki Manzil Aala Illiyeen Me Hai Jo Tamaam Logou Se Bala Tar Hai. Usi Ka Naam Waseela Hai. Ye Jannat Ki Sabse Aala Aur Sabse Unchi Manzil Hai, Jiski Chat Arsh e Ilahi Hai."

(Tafseer Ibn Kaseer : 4/277)

7.Ummahatul Momineen (رضی اللہ عنہن) K Ghar Me Wahi Nazil Hoti Thi:-

Allah {ﷻ} Ka Farmaan Hai:-

"وَٱذْكُرْنَ مَا يُتْلَىٰ فِى بُيُوتِكُنَّ مِنْ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱلْحِكْمَةِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا"

"Aur Tumhare Gharou Me Allah {ﷻ} Ki Jo Aayatey Aur Rasool {ﷺ} Ki Jo Aahadees Padhi Jaati Hai. Unka Ziker Karti Raho, Yaqinan Allah {ﷻ} Bareek Been Aur Khabardaar Hai."

(Surah Al-Ahzaab Surah No.33 Ayat No.34)

8.Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} K Zariye Hi Nabi {ﷺ} Ki Gharelu Zindagi Hame Pata Chalti Hai:-

Nabi {ﷺ} Ki Gharelu Zindagi K Muta'lliq Hame Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} K Zariye Se Hi Pata Chala Jiski Buniyad Per Aaj Aap Aur Hum Un Sunnatou Per Amal Karke Sawab Hasil Karne Ka Kaam Kar Rahe Hai Ye Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} Ki Koshish Ki Wajah Se Hi Mumkin Hua Hai.

9.Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} Ne Nabi {ﷺ} Ka Jung Aur Tableegh Dono Me Saath Diya:-

Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} Ne Nabi {ﷺ} Ka Jung Me Bhi Saath Diya Zakhmiyou Ki Marham Patti Karke To Koi Pyasou Ko Paani Pilakar K Nabi {ﷺ} Ka Saath Diya Deen e Islam Ki Khidmat Ki. Isi Tarah Allah {ﷻ} K Deen K Tableegh Me Bhi Badh Chadkar Hissa Liya Logou Ko Deen K Ahkaam o Masail Ka Ilm Pahunchaya.

1.Mukhtasar Seerat Ummul Momineen Sayeda Tahera Khadija Tul Kubra {رضی اللہ عنہا}:-

Khadija {رضی اللہ عنہا} Arab K Muaziz Qabile Se Taluq Rakhti Thi Jinke Par Dada Ka Naam Qusai Tha. Khadija {رضی اللہ عنہا} K Walid Ka Naam Khuwaylid Tha Aur Apki Walida Ka Naam Fatima Tha. Apke Walid Quraish K Sardar Aur Izzat K Malik The. Nabi {ﷺ} Aur Khadija {رضی اللہ عنہا} Ka Nasab Qusai Per Jaakar Milta Tha. Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Paidaish 556 Ad Me Hathiyou Wale Saal Se 15 Saal Pahle Hui. Ahle Makkah Ne Apko Sayadatun Nisa e Quraish Ka Laqab Diya. Aapke Husn o Aqlaaq Ki Wajah Se Apko Tahera Ka Laqab Bhi Mila. Apki Kuniyat Umme Hind Thi. Khadija {رضی اللہ عنہا} Kamil Khatoon Thi Nasab Me, Aqlaaq Me, Sharafat Me Kirdaar Me, Maal o Daulat Me Aur Logou Ki Hamdardi Me.

Khadija {رضی اللہ عنہا} Ka Nikah Abu Halah Bin Zurarah Se Hua Jinse Apko Halah, Tahir Aur Hind Paida Hue Ye Teenou Bhai Rasool {ﷺ} K Sahabi The. Hind Allah K Nabi {ﷺ} K Khareebi The Jo Jang e Jamal Me Shaheed Hue Inhi K Naam Per Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Kuniyat Umme Hind Hui. Abu Halah Ki Wafat K Baad Apki Dusri Shaadi Atiq Bin Abid Makhzoomi Se Hui Jinse Ek Beti Paida Hui Jinka Naam Hinda Tha. Ek Kitab Me Teesri Shadi Ka Bhi Zikr Hai Jissey Muhammad Paida Hue.

Khadija {رضی اللہ عنہا} K Walid Mashoor Tajir The Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Bachpan Se Hi Ghar Me Khub Paisa Dekha Tha Aur Khud Tijarat Bhi Karti Thi. Logou Ko Maal Dekar Tijarat K Liye Bheja Karti Thi Us Waqt Bade Bade Logou K Rishte Aapko Aaye Lekin Aapne Shaadi Karne Se Mana Kardiya Tha Jab Aapne Nabi {ﷺ} K Baare Me Suna K Ek Shaqs Jo Bahut Ameen Sadiq Aur Husn e Aqlaaq Ka Hamil

Hai To Nabi {ﷺ} Ko Bulaya Aur Apne Maal Ko Tijarat K Liye Mulk e Shaam Lekar Jaane K Liye Kaha Aur Dugna Muaweza Dene Ki Baat Kahi Aur Apne Gulaam Maisera K Saath Apko Bheja.

Jab Nabi {ﷺ} Mulk Shaam Gaye Tab Aap {ﷺ} Ek Darakht K Niche Baithe The Jisper Ek Nastoor Naami Yahoodi Rahib Ne Maisera Jo Gulaam Nabi {ﷺ} K Saath Gaya Tha Usko Kaha Ye Is Ummat Ka Nabi Hoga. Ye Baat Gulaam Ne Aane K Baad Khadija (رضی اللہ عنہا) Ko Batayi Jisper Aapne Warqa Bin Nufail K Paas Gayi Jisper Warqa Ne Kaha Ek Nabi Aane Wala Hai Aisa Kaha Jaata Hai Shayad Ye Wahi Hoga.

Jab Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Nabi {ﷺ} K Husn e Aqlaaq Ko Khareeb Se Dekha Aur Warqa Ki Baat Ko Suna To Apni Saheli Nafees Binte Munba Se Rasool {ﷺ} Se Shaadi Ka Izhaar Kiya.

Apki Saheli Nabi {ﷺ} K Paas Tashreef Laayi Aur Shadi K Muta'lliq Sawal Kiya To Nabi {ﷺ} Ne Kaha Mere Paas Itna Maal o Daulat Nahi K Main Shaadi Kar Saku Jisper Nafeesa Ne Khadija {رضی اللہ عنہا} K Shaadi Ka Paigham Diya Aap {ﷺ} Ne Qubool Kiya Aur Apke Chaha Abu Talib Ne Khadijah (رضی اللَّه عنہا) K Chacha Umro Bin Asad Se Shaadi Ki Baat Ki Phir Nabi {ﷺ} Aur Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Shaadi Hui Jisme Abu Talib Ne Khutba e Nikah Padhaya Aur Us Waqt Moujud The Hamza (رضي الله عنه) Umro Bin Asad Aur Baaz Ne Kaha Abu Bakr Siddique (رضي الله عنه) Bhi Moujud The. Shaadi K Waqt Nabi {ﷺ} Ki Umar 25 Aur Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Umar 40 Thi.

Khadija {رضی اللہ عنہا} Ko Aap {ﷺ} Se 6 Aulaad Hui Jinke Naam Ye Hai Qasim, Zainab, Abdullah, Ruqaiyya, Umme Kulsum Aur Fatima (رضی اللَّه عنهن). Nabi {ﷺ} Ki Kuniyat Qasim (رضي الله عنه) Ki Wajah Se Abul Qasim Hui. Donou Bete Bachpan Me Hi Fout Hogaye Allah K Nabi {ﷺ} Ko Khadija {رضی اللہ عنہا} K Alawa Kisi Aur Biwi Se Aulad

Nahi Hui Siwaye Apki Loundi (Khadima) Mariya {رضی اللہ عنہا} K. Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Apne Betiyou Ki Parwarish Bahut Bahtareen Tareeqe Se Ki Jinme Se Ek Beti Fatima {رضی اللہ عنہا} Jannat Me Aurtou Ki Sardaar Hogi.

Jab Nabi {ﷺ} Ki Umar 40 Baras Ki Hui Tab Tak Nabi {ﷺ} Ko Logou Se Faasla Karna Pasand Hogaya Tha Wo Pani Aur Sattu Liye Khadija {رضی اللہ عنہا} K Saath Gaar e Hira Ko Jaate Aur Ibadat Me Masroof Hojate Khadija {رضی اللہ عنہا} Wahi Khareeb Baithi Rahti Thi. Ek Din Aisa Hua K Nabi {ﷺ} Per Jibrail {علیہ السلام} Ne Aakar Wahi Nazil Ki Pareshani Ki Halat Me Nabi {ﷺ} Ghar Pahuch Kar Khadija {رضی اللہ عنہا} Se Kaha Mujhe Chadar Udha Do, Mujhe Chadar Udha Do Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Chadar Udhadi Aur Khouf Jata Hai Raha Aap {ﷺ} Ne Saara Qissa Bataya Aur Kaha Mujhe Jaan Ka Dar Lagta Hai. Jisper Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Dilasa Dete Hue Kaha Qata'an Nahi Bakhuda Aap {ﷺ} Ko Allah {ﷻ} Kabhi Ruswa Nahi Karega Aap Logou K Saath Silah Rahmi Karte Hai, Dardmandou Ka Bojh Uthate Hai Mahmaan Ki Mezbani Karte Hai. Phir Khadija {رضی اللہ عنہا} Ne Nabi {ﷺ} Ko Apne Chechere Bhai Warqa Bin Nufail K Paas Lekar Gayi Aur Saara Waqia Sunaya To Unhone Kaha Agar Ye Baatey Sach Hai To Tumhe Tumhari Qoum Tumhare Mulk Se Nikal Degi Agar Main Zinda Raha To Tumhari Madad Zaroor Karunga.

Jab Nabi {ﷺ} Ko Nabuwat Ata Ki Gayi Tab Sabse Pahle Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) Ne Imaan Laaya Aur Aapki Himmat Afzai Ki Aur Apki Har Pareshani Me Apka Saath Diya Jab Kuffar Nabi {ﷺ} Ko Takaleef Dete Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) Apko Tasalli Deti Thi. Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) Zamane Jahiliyat Me Bhi But Parasti Nahi Karti Thi. Wo Apni Doulat Se Hamesha Nabi {ﷺ} Ki Madad Karti Thi. Quraish Ne Jab 7 Hijri Me Shoaib Abi Talib Me Mahsoor (Gherliya) Aur Boycott Kardiya Tha Jisme Khadija {رضی اللہ عنہا} Bhi Apke Saath Tamaam Takaleef Ka Saamna Kiya Halan K Khadija {رضی اللہ عنہا} Ek Maaldaar Ghar Se

Taluq Rakhti Thi Pareshani Unhone Nahi Dekhi Thi Lekin Phir Bhi Tamaam Takaleefou Ka Saamna Kiya. Khadija {رضی اللہ عنہا} K Ghar Me Wahi Nazil Hua Karti Thi. Namaz Farz Na Hone Se Pahle Khadija {رضی اللہ عنہا} Nabi {ﷺ} K Saath Subah o Shaam 2 2 Rakat Namaz Padha Karti Thi.

Khadija {رضی اللہ عنہا} Ramadan Nabuwat K 10we Saal 65 Saal Ki Umar Me Wafat Paayi. Us Waqt Namaz e Janazah Ka Hukm Nafiz Nahi Hua Tha Nabi {ﷺ} Ne Khud Qabar Me Utarkar Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) Ki Tadfeen Ki Aur Apki Qabar Makkah Me Muqaam e Hujoon Me Hai Aur Isi Saal Ko Nabi {ﷺ} Ne Gham K Saal Se Tabeer Kiya Kyu K Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Wafat Se 3 Din Pahle Abu Talib Ka Bhi Inteqaal Hua Tha. Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) K Ghar Ko Muawiya (رضي الله عنه) Ne Khareed Kar Apni Khilafat K Dour Me Masjid Me Tabdeel Kardiya Tha.

(اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ)

Mukhtasar Fazail Ummul Momineen Sayeda Tahera Khadija Tul Kubra {رضی اللہ عنہا}:-

1.Ummat e Muslimah Ki Sabse Afzal Aurat:-

Nabi {ﷺ} Farmatey Hai:-

"خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ ، وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ"

"(Apne Zamane Me) Maryam (علیہ السلام) Sabse Afzal Aurat Thi Aur (Is Ummat Me) Khadija {رضی اللہ عنہا} Sabse Afzal Hai.

(Sahih Bukhari : Hadees No.3815)

(Sahih Muslim : Hadees No.6271(2430))

(Sunan Tirmizi : Hadees No.3877 Sahih)

(Musnad Ahmed : Hadees No.640 Sahih)

2.Allah {ﷻ} Aur Jibrail {علیہ السلام} Ne Salaam Kaha:-

Abu Huraira (رضي الله عنه) Farmatey Hai:-

أَتَى جِبْرِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذِهِ خَدِيجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيهِ إِدَامٌ أَوْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ ,فَإِذَا هِيَ أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي ,وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ

"Jibrail (علیہ السلام) Rasool {ﷺ} K Paas Aaye Aur Kaha Ya RasoolUllah! Khadija {رضی اللہ عنہا} Apke Paas Ek Bartan Le Aa Rahi Hai Jisme Salan Ya (Farmaya) Khana Ya (Farmaya) Peeni Ki Chiz Hai Jab Wo

Apke Paas Aaye To Unke Rab Ki Janib Se Salaam Pahuncha Dijiyega Aur Meri Taraf Se Bhi! Aur Unhe Jannat Me Motiyou K Ek Mahel Ki Basharat De Dijiyega Jahan Na Shor Wo Hungama Hoga Aur Na Takleef Wo Thakan Hogi.”

(Sahih Bukhari : Hadees No.3820)

(Sahih Muslim : Hadees No.6273(2432))

Allah {ﷻ} Ka Khadija {رضی اللہ عنہا} Ko Salaam Kahna Issey Badi Fazilat Aur Kya Ho Sakti Mujhe Personally Lagta Hai Ye Ek Hadees Hi Kaafi Hai Unki Fazilat K Liye...

3.Nabi {ﷺ} Khadija {رضی اللہ عنہا} Ko Kasrat Se Yaad Karte The:-

Ayesha {رضی اللہ عنہا} Farmati Hai:-

مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ ,وَمَا رَأَيْتُهَا , وَلَكِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا ,وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً ، ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خَدِيجَةَ فَرُبَّمَا ، قُلْتُ :لَهُ كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيجَةُ فَيَقُولُ :إِنَّهَا كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ

“Rasool {ﷺ} Ki Tamaam Biwiyou Me Jitni Gairat Mujhe Khadija {رضی اللہ عنہا} Se Aati Thi Utni Kisi Aur Se Nahi Aati Thi Halan K Unhe Maine Dekha Bhi Nahi Tha, Lekin Nabi {ﷺ} Unka Zikr Ba Kasrat Farmaya Karte The. Aur Agar Koi Bakri Zebah Karte To Uske Tukde Tukde Karke Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Milne Waliyou Ko Bhejte The. Maine Aksar Nabi {ﷺ} Se Kaha Jaise Duniya Me Khadija {رضی اللہ عنہا} K Siwa Koi Aurat Hai Hi Nahi! Isper Aap {ﷺ} Farmatey K Wo Aise Thi Aur Aisi Thi Aur Unse Meri Aulad Hai.”

(Sahih Bukhari : Hadees No.3818)

4.Nabi {ﷺ} Ne Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Wafat Tak Dusri Shaadi Nahi Ki:-

Ayesha {رضی اللہ عنہا} Farmati Hai:-

"لَمْ يَتَزَوَّجِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَدِيجَةَ حَتَّى مَاتَتْ"

"Nabi {ﷺ} Ne Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Wafat Tak Aur (Dusri) Shaadi Nahi Ki."

(Sahih Muslim : Hadees No.6281(2436))

5.Jannat Me Motiyou K Mahel Ki Basharat:-

Ayesha {رضی اللہ عنہا} Farmati Hai:-

"وَأَمَرَهُ رَبُّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَوْ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَام أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ"

“Allah {ﷻ} Ne Inhe Hukm Diya Tha Ya Jibrail {علیہ السلام} K Zariye Ye Paighaam Pahunchaya Tha K Nabi {ﷺ} Inhe (Khadija {رضی اللہ عنہا} Ko) Jannat Me Motiyou K Ek Mahel Ki Basharat Dede.”

(Sahih Bukhari : Hadees No.3817)

6.Nabi {ﷺ} Ko Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Muhabbat Ata Ki Gayi:-

Nabi {ﷺ} Farmatey Hai:-

"إِنِّي قَدْ رُزِقْتُ حُبَّهَا"

"...Mujhe Unki (Khadija (رضی اللہ عنہا)) Ki Muhabbat Ata Ki Gayi Hai."

(Sahih Muslim : Hadees No.6278(2435))

7.Jannat Me Sabse Afzal Aurat:-

Nabi {ﷺ} Farmatey Hai:-

اَفْضَلُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ آسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ اِمْرَاَةُ فِرْعَوْنَ وَ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ رَضِیَ اللهِ عَنْهُنَّ۔

"Ahle Jannat Ki Aurtou Me Sabse Afzal 4 Aurtey Hogi.

1.Khadija Binte Khuwaylid (رضی اللہ عنہا)

2.Fatima Binte Muhammad {ﷺ}

3.Maryam Binte Imran (علیہ السلام)

4.Aasiya Binte Muzahim (رضی اللہ عنہا) Jo Firoun Ki Biwi Thi."

(Musnad Ahmed Jild No.2 Hadees No.2668, 11 / 11590, Tibrani : 2168, Sanad Sahih)

8.Nabi {ﷺ} Ki Sabse Bahtar Biwi:-

Nabi {ﷺ} Farmatey Hai:-

مَا أَبْدَلَنِیَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرًا مِنْهَا، قَدْ آمَنَتْ بِیْ اِذْ كَفَرَ بِیَ النَّاسُ، وَصَدَّقَتْنِیْ اِذْ كَذَّبَنِی النَّاسُ، وَوَاسَتْنِیْ بِمَالِهَا اِذْ حَرَمَنِیَ النَّاسُ، وَرَزَقَنِیَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَدَهَا اِذْ حَرَمَنِیْ أَوْلَادَ النِّسَاءِ۔

"...Allah Ta'la Ne Mujhe Uske (Khadija (رضی اللّٰہ عنہا) K) Badle Me Ussey Bahtar Koi Biwi Nahi Di, Wo (Khadija (رضی اللّٰہ عنہا)) Mujh Per Us Waqt Imaan Laayi Jab Log Kufr Kar Rahe The, Meri Us Waqt Tasdeeq Ki, Jab Log Meri Takzeeb (Jhutla) Kar Rahe The, Apne Maal Se Meri Hamdardi Us Waqt Ki Jab K Logou Ne Mujhe Ussey Dur Rakha, Aur Allah Ta'la Ne Mujhe Ussey Aulad Ata Farmayi Jab K Meri Dusri Biwiyou Se Mere Yaha Aulad Na Hui."

(Musnad Ahmed Jild No.11 Hadees No.25376 : 9 / 10560 Sahih)

(Is Hadees Ka Pahla Hissa Humne Bayan Nahi Kiya Hai Jo Mouzu K Muta'lliq Nahi Tha Aur Wo Aada Hissa Dusri Sanad Se Sahih Bukhari : 3821 Aur Sahih Muslim : 6282 Me Moujud Hai)

9.Tamaam Musalmanou Ka Ajr:-

Hafiz Ibn Hajar Asqalani {رحمہ اللہ} Farmatey Hai:-

"Sayeda Khadija {رضی اللہ عنہا} Ki Khususiyat Me Ye Bhi Shamil Hai K Aap {رضی اللہ عنہا} Ne Is Ummat Ki Tamaam Aurtou Se Imaan Laane Me Sabqat Ki, Aapka Ye Amal Baadme Imaan Laane Wali Aurtou K Liye Sunnat Ban Gaya, Yu Apko Un Tamaam Aurtou K Barabar Ajar Milta Hai, Kyu K Hadees Me Sabit Hai K Jisne Koi Acha Amal Jaari Kiya. Is Ajar Me Sayeda Khadija {رضی اللہ عنہا} K Saath Sayedna Abu Bakr {رضي الله عنه} Bhi Shareek Hai, Kyu K Wo Mardou Me Sab Se Pahle Imaan Laaye. Donou Ko Kitna Sawab Milta Hai? Iski Miqdaar Allah {ﷻ} Hi Jaanta Hai."

(Fath Ul Baari : 7/137)

(Ye Sayeda Khadija {رضی اللہ عنہا} K Khaas Fazail The Aam Fazail K Liye Padhiye Isi Kitab K Page No.8-15 Jisme Tamaam Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} K Fazail Moujud Hai.)

2.Mukhtasar Seerat Ummul Momineen Saudah Binte Zam'ah (رضی اللّٰہ عنہا):-

Saudah (رضی اللہ عنہا) Qabile Aamir Bin Loi Se Taluq Rakthi Thi. Nabi {ﷺ} Aur Apka Nasab Aamir Bin Loi Per Jakar Milta Tha. Apke Walid Ka Naam Zam'ah Bin Qais Tha Aur Walidah Ka Naam Shamoos Tha. Apka Nikah Apke Chachere Bhai Sakraan (رضي الله عنه) Se Hua.

Saudah (رضی اللہ عنہا) Aur Apke Shouhar Sakraan (رضي الله عنه) Islam Laane Wale Awwaleen Me Shamil Hai. Saudah (رضی اللہ عنہا) Dusri Hijrat Habsha Me Hijrat Ki Jaha Per Saudah (رضی اللہ عنہا) Ko Sakraan (رضي الله عنه) Se Ek Beta Hau Jiska Naam Abdur Rahman Tha Jinki Shahadat Fairs Ki Ek Jung Me Hui. Phir Habsha Se Wapisi K Baad Saudah (رضی اللہ عنہا) Ko Ek Khwab Aaya Jisme Nabi {ﷺ} Inke Ghar Aaye Aur Gardan Se Pakda Jab Bedar Hue To Aapne Apne Shouhar Ko Khwab Bataya To Unhone Tabeer Ki K Main Inteqaal Kar Jaunga Aur Aap Ka Nikah Nabi {ﷺ} Se Hoga. Uske Baad Phir Ek Khwab Aaya Jisme Chand Inke Godh Me Aakar Girgaya. Iski Tabeer Me Unke Shouhar Ne Kaha Main Jald Hi Fout Hojaounga. Uske Baad Apke Shohar Beemar Hue Aur Jald Wafat Pa Gaye.

Ek Din Khaula Binte Hakeem (رضی اللہ عنہا) Nabi {ﷺ} K Paas Tashreef Laayi Aur Nabi {ﷺ} Ko Gamgeen Paya Aap {ﷺ} Se Daryaft Kiya To Nabi {ﷺ} Ne Farmaya Ghar Ki Nigrani Bachou Ki Dekh Baal Aur Khadija (رضی اللہ عنہا) Ki Yaad Aati Hai. Khaula Binte Hakeem (رضی اللہ عنہا) Ne Saudah (رضی اللہ عنہا) K Baare Me Bataya Jisper Nabi {ﷺ} Raazi Hogaye Uske Baad Khaula Binte Hakeem (رضی اللہ عنہا) Ne Saudah (رضی اللہ عنہا) K Walid Se Baat Ki Unhone Saudah (رضی اللہ عنہا) Se Baat Karne Ko Kaha Jab Khaula Binte Hakeem (رضی اللہ عنہا) Ne Saudah (رضی اللہ عنہا) Se Nabi {ﷺ} K Muta'lliq Baat Ki To Wo Bahut Khush Hogayi Kaha Nabi {ﷺ} Ki Biwi Banna Har Ek Ki

Khwahish Hoti Hai. Phir Sabki Razamandi K Baad Saudah (رضی اللہ عنہا) Ki Shaadi Nabi {ﷺ} Se Hogayi Jisme Saudah (رضی اللہ عنہا) K Walid Ne Nikah Padhaya Maher Me Nabi {ﷺ} Ne 400 Dirham Diye. Jo Khwab Saudah (رضی اللہ عنہا) Ne Dekha Tha Wo Sach Hogaya. Apko Khadija (رضی اللہ عنہا) Ki Wafat K Baad Pahli Biwi Banne Ka Aizaaz Hasil Hai. Nabi {ﷺ} Se Apki Shaadi Nabuwat K 10we Saal Shawwal Me Hui Yaad Rahe Shaadi K Waqt Saudah (رضی اللہ عنہا) Ki Umar 55 Thi Aur Nabi {ﷺ} Ki Umar 50 Thi.

Is Shaadi Ka Ek Bada Faida Ye Bhi Tha K Banu Abdu Shams Aur Banu Hashim K Bich Dushmani Khatam Hogayi.

Saudah {رضی اللہ عنہا} Nabi {ﷺ} K Betiyou Se Bahut Pyar o Shafqat Se Pesh Aati Thi Jab Ruqaiyya {رضی اللہ عنہا} Habsha Se Wapis Aayi Tab Sab Bahnou Ne Khadija {رضی اللہ عنہا} Ko Yaad Karke Roya Tab Saudah {رضی اللہ عنہا} Ne Ruqaiyya {رضی اللہ عنہا} Ko Gale Se Laga Kar Samjhaya. Suadah {رضی اللہ عنہا} Ne Madina Ki Hijrat Umme Kulsum Aur Fatima {رضی اللہ عنہما} K Saath Ki. Saudah {رضی اللہ عنہا} Ko 2 Hijrat Karne Ka Sharf Hasil Hai. Pahli Hijrat Apne Pahle Shouhar K Saath Habsha Ki Taraf Kiya Tha Dusri Hijrat Madina Ki Taraf Kiya.

Ek Martaba Saudah (رضی اللہ عنہا) Bahar Ja Rahi Thi Umar (رضي الله عنه) Ne Paichan Liya Kyu K Saudah (رضی اللہ عنہا) Ka Qad Lamba Tha. Umar (رضي الله عنه) Ko Azwaaj e Mutaheraat Ka Bahar Nikalna Pasand Nahi Tha. Umar (رضي الله عنه) Ne Bola Saudah (رضی اللہ عنہا) Humne Apko Paichan Liya Jisper Saudah (رضی اللہ عنہا) Ghar Aakar Nabi {ﷺ} Se Umar (رضي الله عنه) Ki Shikayat Ki. Is Waqiye K Baad Allah {ﷻ} Ne Ayat e Hijab Nazil Ki.

Kabhi Kabhi Saudah (رضی اللہ عنہا) Aise Chalti K Unhe Dekh Kar Nabi {ﷺ} Bahut Muskurate The.

Ek Baar Saudah (رضی اللہ عنہا) Nabi {ﷺ} K Piche Namaz Padhi To Nabi {ﷺ} Ko Faramaya Maine Kal Raat Apke Piche Namaz Padhi Is Qadar Aapne Lamba Ruku Kiya Mujhe Nakseer Phutne Ka Shak Hua To Maine Bahut Der Tek Apni Naak Pakde Rakhi. Ye Jumla Sunkar Nabi {ﷺ} Badi Der Tak Muskurate Rahe.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Farmati Hai:-

"Ek Din Saudah {رضی اللہ عنہا} Mere Ghar Tashreef Laayi Us Din Nabi {ﷺ} Mere Ghar Per Moujud The Nabi {ﷺ} Ne Apna Ek Pair Mere Goud Me Rakha Aur Dusra Pair Saudah {رضی اللہ عنہا} K Goud Me Rakhkar Baith Gaye Maine Saudah {رضی اللہ عنہا} Ko Harira Pesh Kiya Unhone Khane Se Mana Kardiya To Maine Harira Unke Chahre Per Laga Diya Ye Dekh Kar Nabi {ﷺ} Muskuraye Phir Saudah {رضی اللہ عنہا} K Goud Se Pair Ko Hataya Taake Wo Mujhse Badla Le Sake Tab Saudah {رضی اللہ عنہا} Aage Badhkar Mujhe Bhi Harira Lekar Lagaya Tab Nabi {ﷺ} Muskuraye Aur Kaha Ab Hisaab Barabar Hua."

(An-Nisayi Fi Ashratun Nisa : Hadees No.31)

Saudah (رضی اللہ عنہا) Ne Apne Din Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ko De Diya Tha Ye Sonchkar K Meri Umar Hogayi Hai Kahi Mujhe Nabi {ﷺ} Talaq Na Dede. Taake Qayamat K Din Nabi {ﷺ} Ki Zouja Banakar Uthayi Jaaye.

Saudah (رضی اللہ عنہا) Nabi {ﷺ} Ki Farmabardari Me Tamaam Azwaaj e Mutaheraat Se Mumtaz Thi. Nabi {ﷺ} Ne Hajjatul Wida K Mouqe Per Azwaaj e Mutaheraat Ko Mukhatib Karke Faramaya Is Hajj K Baad Ghar Me Baithi Rahna Aur Saudah (رضی اللہ عنہا) Isper Amal Karte Hue Uske Baad Hajj Ya Umrah Nahi Kiya Kahti Thi Main Hajj o Umrah Kar Chuki Hu. Ab Allah K Rasool {ﷺ} K Hukm K Mutabiq Ghar Per Hi Rahungi.

Saudah {رضی اللہ عنہا} Dajjal Se Bahut Darti Thi. Ek Baar Ayesha Aur Hafsa (رضی اللہ عنہما) Ne Sauda (رضی اللہ عنہا) Se Kaha Apne Suna Hai Dajjal Zahir Hogaya Hai. Ye Sunte Hi Saudah (رضی اللہ عنہا) Paas K Ek Khayme Me Ghus Gayi. Ayesha Aur Hafsa (رضی اللہ عنہما) Haste Hue Nabi {ﷺ} K Paas Aayi Aur Apko Iske Baare Me Bataya To Nabi {ﷺ} Tashreef Le Gaye Khayme K Bahar Se Awaz Di Aur Kaha Dajjal Nahi Nikla Bahar Aajao Wo Bahar Aayi Badan Per Makdi K Jaal Lage Hue The Usey Saaf Kiya.

Umar (رضي الله عنه) Ne Apne Dour Me Saudah (رضی اللہ عنہا) Ko Dirham Ki Thaili Bheji Jab Saudah (رضی اللہ عنہا) Ne Thaili Kholi To Dirham Dekh Kar Kaha Khajoor Ki Thaili Me Dirham Koun Bhejta Hai Phir Saare Dirham Miskeen Me Baat Diye Ek Dirham Bhi Apne Paas Na Rakha.

(Tabqaat Ibn Saad : 8 / 45)

Saudah {رضی اللہ عنہا} Khud Kaam Kaaj Karti Aur Apni Aamdani Ko Mustahiqeen Me Taqseem Karti Thi.

Saudah (رضی اللہ عنہا) Se 5 Aahadees Marvi Hai Ek Hadees Sahih Bukhari : 6686 Me Moujud Hai.

Saudah (رضی اللہ عنہا) Wafat K Waqt 80 Saal Ki Thi Aur Jamhoor Ulema K Mutabiq 22 Hijri Me Apki Wafat Hui Apko Jannatul Baqi Madina Munawwara Me Dafan Kiya Gaya Apki Namaz e Janazah Umar Bin Khattab (رضي الله عنه) Ne Padhayi.

(إِنَّا لِلَّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ)

Mukhtasar Fazail Ummul Momineen Saudah Binte Zam'ah (رضی اللہ عنہا):-

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Farmati Hai:-

"Maine Koi Aurat Nahi Dekhi Jo Mujhe Saudah Binte Zam'ah {رضی اللہ عنہا} Ki Nisbat Zyada Pasand Ho K Main Uske Paikar Me Hu (Us Jaisi Ban Jao) Ek Aisi Khatoon Ki Nisbat Jin Me Kuch Garam Mizaji (Bhi) Thi, Kaha: Jab Wo Budhi Hogayi To Unhone Rasool {ﷺ} K Saath Apni Baari Ka Din Ayesha {رضی اللہ عنہا} Ko De Diya. Unhone Kaha: Aye Allah K Rasool! Maine Apke Saath Apni Baari Ka Din Ayesha {رضی اللہ عنہا} Ko De Diya...."

(Sahih Muslim : Hadees No.3629(1463))

1.Ayesha {رضی اللہ عنہا} Jo Nabi {ﷺ} Ki Chahiti Biwi Thi Wo Saudah {رضی اللہ عنہا} Jaisi Banne Ki Khwahish Karti Thi.

2.Saudah {رضی اللہ عنہا} Ne Apne Din Ayesha {رضی اللہ عنہا} Ko Isiliye De Diya K Kahin Nabi {ﷺ} Unhe Unki Umar Ki Wajah Se Talaq Na Dede Aur Wo Akhirat Me Nabi {ﷺ} Ki Biwi Banne Se Mahroom Na Rah Jaaye.

3.Saudah {رضی اللہ عنہا} Ko 2 Baar Hijrat Ka Sharf Hasil Hai Pahli Baar Habsha Ki Taraf Dusri Baar Madina Ki Taraf.

4.Saudah {رضی اللہ عنہا} Ki Khwahish Aur Hirs Thi K Aapka Nikah Nabi {ﷺ} K Saath Ho Aur Allah {ﷻ} Ne Apko Nabi {ﷺ} Ki Biwi Banne Aur Ummat e Muslimah Ki Maa Banne Ka Sharf Ata Kiya.

Note:- Ye Saudah {رضی اللہ عنہا} K Khaas Fazail The Aam Fazail K Liye Padhiye Isi Kitab K Page No.8-15 Jisme Tamaam Ummahatul Momineen {رضی اللہ عنہن} K Fazail Moujud Hai.

3.Mukhtasar Seerat Ummul Momineen Ayesha Binte Abu Bakr Siddique {رضی اللہ عنہما}:-

Apka Naam Ayesha Tha Siddiqua Aur Humera Apka Laqab Tha. Umme Abdullah Apki Kuniyat Thi. Apki Paidaish Nabuwat K 5we Saal Maahe Shawwal Me Hui. Nabi {ﷺ} Aur Apka Nasab Murrah Ibn Kaa'b Per Jakar Milta Hai. Apke Walid Ka Naam Abu Bakr Siddique Aur Walidah Ka Naam Zainab (Umme Rooman) Tha. Aap Ki Paidaish Islami Ghar Me Hui. Aap Paida Hote Hi Har Qism K Shirk o Kufr Se Paak Wala Mahol Paya. Apki Shaadi Nabuwat K 10we Saal Nabi {ﷺ} Se Hui Jab Apki Umar 6 Saal Ki Thi Aur Apki Ruqsati 9 Saal Ki Umar Me Hui. Apki Shaadi Aur Ruqsati Dono Shawwal K Mahine Me Hui Us Waqt Shawwal Me Shaadi Karna Manhoos Samjha Jaata Tha Ye Shadi Karke Is Baat Ko Kaat Diya Gaya. Jibrail (علیہ السلام) Ne Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ki Tasweer Lakar Nabi {ﷺ} Ko Dikhayi Jisper Nabi {ﷺ} Ne Ayesha (رضی اللہ عنہا) Se Shaadi Ki. Azwaaj e Mutaheraat Me Ye Sharf Bhi Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ko Hasil Hai K Wo Nabi {ﷺ} Ki Kunwari Biwi Thi. Maher Me Aap {ﷺ} Ne Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ko 500 Dirham Ada Kiye.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Jung e Uhud Me Bhi Shamil Thi Jisme Aap Mashkou Me Paani Bhar Kar Laati Aur Zakhmiyou Ko Paani Pilati Thi.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Hazir Jawab Thi Ek Baar Bachpan Me Gudiyou Se Khel Rahi Thi Nabi {ﷺ} Tashreef Laaye Aur Pucha Ye Kya Hai Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ne Farmaya Ghoda Hai To Nabi {ﷺ} Ne Farmaya Ghode K To Par Nahi Hote Hai To Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ne Jawab Diya Hazrat Sulaiman {علیہ السلام} K Ghode K To Per The. Fauri Jawab Sunkar Nabi {ﷺ} Muskuradiye.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Bahut Jald Roliya Karti Thi Ek Baar Ek Aurat Do Bachou K Saath Kuch Mangne Aayi Ghar Per 3 Khajoor The Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ne Us Aurat Ko Dediye Us Aurat Ne Do Khajoor Apne Bachou Ko De Diya Aur Ek Khane Lagi Tabhi Ek Bache Ne Khajoor Kha Kar Apni Maa Ki Taraf Dekha Us Maa Ne Us Khajoor K 2 Tukde Kiye Aur Apne Bachou Me Baant Di Ye Dekh Kar Ayesha (رضی اللہ عنہا) K Aankhon Me Aansu Aagaye Aur Wo Rone Lagi.

Ek Baar Ayesha (رضی اللہ عنہا) Roze Se Thi Aur Ghar Per Sirf Ek Roti Thi Ek Maangne Wali Aayi To Aapne Apne Khadima Ko Roti Dene k Liye Kaha To Khadima Ne Kaha Aap K Iftar K Liye Wohi Ek Roti Hai Jisper Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ne Kaha Ye To Usey Dedo Shaam Tak Dekha Jayega Aur Iftar K Waqt Kisi Ne Paka Hua Ghosh La Kar Diya Jisper Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ne Khadima Se Kaha Ye Tumhari Us Roti Se Bahtar Hai.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Miskinou Aur Zaroratmandou Ko Jo Bhi Hota Khairat Kar Deti Ek Baar Muawiya (رضي الله عنه) Ne Mulk e Shaam Se 1 Lakh Dirham Bhijwaye Aapne Usi Waqt Khairat Kardiye Apki Khadima Ne Kaha Aap Roze Se Hai Kuch Rakh Leti To Ayesha (رضي الله عنه) Ne Kha Pahle Kyu Nahi Bataya. Ek Baar Abdullah Bin Zubair (رضي الله عنه) Ne 1 Lakh Dirham Diye Jo Usi Waqt Aapne Miskinou Me Baant Diye.

Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ek Dafa Islami Lashkar K Saath Jisme Munafiqeen Bhi Shamil The Usme Shareek Hui Aur Apni Bahen Ka Haar (Necklace) Pahna Jiski Ladiya Kamzor Thi. Us Waqt Ayesha (رضی اللہ عنہا) Ki Umar 14 Thi Aur Aap Bahut Dubli Patli Thi. Safar Ki Wapisi Me Apka Haar Gum Hogaya Aap Dhunde Me Lag Gayi Jisme Qafila Aage Nikal Gaya Jab Apko Haar Mila Tab Tak Qafila Ja Chuka Tha Aapne Soncha Jab Qafila Kahi Rukega Aur Mujhe Nahi Payega To Wapis Aayega Aur Chadar Odh Kar Wahin Leth Gayi. Jab Subha

